SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
November 6, 2023

ایس ای سی پی اور ایف آئی اے کے مابین باہمی تعاون بڑھانے کے لیے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط

اسلام آباد (نومبر 6) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان اور فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی نے معلومات کے تبادلے اور دونوں اداروں کے درمیان تعاون کو باقاعدہ بنانے کے لیے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے ہیں۔

مفاہمتی یاداشت کے تحت دونوں اداروں کے مابین ملک کے ڈیجیٹل فنانشل سسٹم کو سائبر کرائم، مالی فراڈ اور دھوکہ دہی سے بچانے کے لیے تعاون اور افسران کی صلاحیت سازی کے لئے تعاون کیا جائے گا۔ ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے جناب محسن حسن بٹ اور ایس ای سی پی کے چیئرمین عاکف سعید نے ایس ای سی پی کے صدر دفتر میں منعقدہ ایک تقریب میں ایم او یو پر دستخط کیے۔

چیئرمین ایس ای سی پی عاکف سعید نے تعاون بڑھانے پر ڈی جی ایف آئی اے کو سراہا اور ایف آئی اے سے اپنے افسران کی استعداد کار کو بڑھانے کے لیے تعاون طلب کیا۔ ڈی جی ایف آئی اے، محسن بٹ نے کہا کہ مفاہمتی یاداشت مشترکہ وسائل اور انفراسٹرکچر کے استعمال میں بھی سہولت فراہم کرے گا، جس سے غیر قانونی ڈپازٹ لینے اور بڑے پیمانے پر عوام کو متاثر کرنے والے مالی فراڈ سے متعلق تحقیقات کو زیادہ موثر طریقے سے نمٹا جا سکے گا۔ انہوں نے چیئرمین ایس ای سی پی کی تجویز پر ایس ای سی پی افسران کے لیے استعداد کار بڑھانے کی تربیت جلد از جلد شروع کرنے سے اتفاق کیا۔ دونوں سربراہان نے معلومات کے موثر تبادلے کے لیے ایف آئی اے اور ایس ای سی پی کے علاقائی دفاتر سے فوکل پرسن مقرر کرنے پر اتفاق کیا۔

ایس ای سی پی کے ہیڈ آف پراسیکیوشن اینڈ لیگل افیئرز مظفر مرزا نے ایس ای سی پی کے مینڈیٹ اور پراسیکیوشن میکنزم کے بارے میں تفصیلی پریزنٹیشن دی۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005